Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 | پیر، 13 جون 2022ء، 13 ذوالقعدہ 1443ھ، 30 میٹو 2079 ب م، قیمت 20 روپے | شمارہ 62

پاکستان اور چین نے مشکل وقت میں اپنی تزویراتی شراکت داری کا اعادہ کیا

پاک چین عسکری قیادت کا دہشتگردی کیخلاف تعاون جاری رکھنے پر اتفاق

پاکستان کی تینوں مسلح افواج کے اعلیٰ سطح کے وفد نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی قیادت میں 9 سے 12 جون تک عوامی جمہوریہ چین کا دورہ کیا

پاک چین اسٹریٹجک پارٹنرشپ پہاڑوں سے اونچی، سمندر سے گہری، شہد سے میٹھی، ملٹری ڈپلومیسی اور ملٹری تعاون ہمیشہ بلندیوں کو چھوتا رہا ہے' آئی ایس پی آر

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) پاکستان کی تینوں مسلح افواج کے اعلیٰ سطح کے وفد نے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی قیادت میں 9 سے 12 جون تک عوامی جمہوریہ چین کا دورہ کیا۔ جنرل قمر جاوید باجوہ کی قیادت میں 9 سے 12 جون تک عوامی جمہوریہ چین کا دورہ کیا، وفد نے چینی فوج اور دیگر سرکاری محکموں کے اعلیٰ حکام سے پر بات چیت کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق انٹلیجنس میٹنگ کا انعقاد آج ہوا جس میں پاکستانی وفد کی قیادت چیف آف آرمی اسٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کی جبکہ چینی وفد کی قیادت چین کے سینٹرل ملٹری کمیشن کے وائس چیئرمین جنرل ژانگ یوشیا نے کی۔ دونوں اطراف نے چین الاؤائی اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر اپنے اپنے نقطہ نظر پر تبادلہ خیال کیا، دونوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون پر اطمینان کا اظہار کیا گیا (بقیہ نمبر 34)

ناردوال پولیس کی کارروائی دو سگے بھائیوں کے قاتل گرفتار

رحیم خاں کے مشتبہ قرہال میں دو سگے بھائیوں کے قتل ہونے پر ڈی پی او ناردوال نے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز کے ہمراہ موقع کا دورہ کیا۔

ناردوال (این این آئی) ناردوال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو سگے بھائیوں کے قاتلوں کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ

بچوں سے محنت و مشقت کرانا ظلم کے مترادف ہے حمزہ شہباز

بچوں کی تعلیم و تربیت پر توجہ دینے والی قومیں ترقی کرتی ہیں' وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (بادی حسین) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے ہائیلز لیبر کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بچوں کی تعلیم و تربیت پر توجہ دینے والی قومیں ترقی کرتی ہیں۔ ایک بیان میں حمزہ شہباز نے کہا کہ بچوں نے (بقیہ نمبر 31)

پنجاب والوں کو سستی بجلی ملے گی' حکومت نے بڑا فیصلہ کر لیا

پنجاب کی عوام کو بجلی پر 3 ماہ کیلئے سبسڈی دینے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں ہیں

لاہور (بیورو رپورٹ) شہباز حکومت نے پنجاب کے عوام کو بجلی پر 3 ماہ کیلئے سبسڈی دینے کی تیاریاں شروع کر دی گئیں ہیں۔ اس حوالے سے (بقیہ نمبر 32)

بھارتی فوجیوں نے مزید تین کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا

قابض حکام نے علاقے میں انٹرنیٹ سروس بھی معطل کر دی ہے' کشمیری میڈیا

سری نگر (نیوز ڈیسک) مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز نے پلوامہ میں مزید تین کشمیری نوجوانوں کو شہید کر دیا۔ بھارتی فوجیوں نے ضلع پلوامہ کے علاقے ترگام میں نام نہاد (بقیہ نمبر 33)

تمام اضلاع میں مقامی حکومتوں کے ایڈمنسٹریٹرز بھی مقرر کر دیئے گئے' نوٹیفکیشن جاری

لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 بحال

لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2021 کی میعاد 8 جون 2022 کو مکمل ہوگئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے اختیار استعمال کرتے ہوئے بلدیاتی اداروں کے نئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیئے

میئرز پولیٹیکل کارپوریشن لاہور کا ایڈمنسٹریٹر کمشنر لاہور ہوں گے۔ میئرز پولیٹیکل کارپوریشن ڈویژنل ہیڈ کوارٹر میونسپل کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2019 بحال کر دیا جس میں میئرز اور ڈپٹی میئرز بھی مقرر کر دیے۔ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2021 کی معیاد 8 جون 2022 کو مکمل ہوگئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے اختیار استعمال کرتے ہوئے بلدیاتی اداروں کے نئے ایڈمنسٹریٹر مقرر کر دیئے۔ میئرز پولیٹیکل کارپوریشن لاہور کا ایڈمنسٹریٹر کمشنر لاہور ہوں گے۔ میئرز پولیٹیکل (بقیہ نمبر 4)

روزنامہ عوامی للکار کے ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم کی ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی کے ساتھ خوشگوار ملاقات کے دوران لی گئی تصویر

چائلڈ لیبر سے متعلق قوانین پر عملدرآمد کی ضرورت ہے

قوانین کے زیادہ سے زیادہ نتائج اور اثرات کو حاصل کرنے کے لیے، متعلقہ حکام کو میکانزم پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے

چائلڈ لیبر کا خاتمہ قومی فریضہ ہے جس کے لیے معاشرے کے ہر طبقے کو محنت اور ذمہ داری سے کام کرنا ہوگا' بلاول بھٹو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ بچوں کو جبری مشقت سے بچانے کے لیے مختلف قانون سازی کی گئی ہے لیکن ان قوانین پر مکمل درآمد کے لیے ٹھوس کوششوں کی ضرورت ہے۔ چائلڈ لیبر کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں وزیر خارجہ نے کہا کہ چائلڈ لیبر کا خاتمہ قومی فریضہ ہے جس کے لیے معاشرے کے ہر طبقے کو محنت اور ذمہ داری سے کام کرنا ہوگا۔ (بقیہ نمبر 35)

آرمی چیف کا آئل ٹینکر ڈرائیور کی بہادری کا اعتراف

ڈرائیور فیصل جاوید کو آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی ہدایات پر کیش انعام سے نوازا گیا

اسلام آباد (محمد فیصل ندیم سے) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کی جانب سے کوئٹہ میں جلتے آئل ٹینکر کو آبادی سے دور لے جانے والے ڈرائیور فیصل (بقیہ نمبر 36)

حکومت مہنگائی کرنے کے باوجود آئی ایم ایف خوش نہیں کر سکی

مہنگائی کیخلاف جماعت اسلامی اور عوامی تحریک کے احتجاج کی حمایت کی' لوگ لوڈشیڈنگ اور مہنگائی سے مر رہے ہیں

عمران خان کے دور حکومت میں غیر ملکی ترسیلات زر اور زرمبادلہ کے انبار لگے تھے لیکن موجودہ حکومت نے سب تباہ کر دیا' شیخ رشید

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سابق وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ اپوزیشن حکومت مہنگائی کرنے کے باوجود آئی ایم ایف کو خوش نہیں کر سکی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر سابق وفاقی وزیر نے لکھا کہ شہباز شریف کے باوجود آئی ایم ایف کو خوش نہیں کر سکی، یہ لوگ کلی معیشت کو تباہ کرنے آئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے خلاف جماعت اسلامی اور عوامی تحریک کے احتجاج کی حمایت کی اور کہا کہ شہباز حکومت میں لوگ لوڈشیڈنگ اور مہنگائی سے مر رہے ہیں۔

کراچی ایڈمنسٹریٹر میئر مرتضیٰ وہاب نالوں کی صفائی کا کاموں کا جائزہ لے رہے ہیں

مریم نواز توقیت ساعت سے محروم بچے کا علاج کروائیں گی

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے توقیت ساعت سے محروم حسن بچے کا علاج کروانے کی جانب توجہ مرکوز کر لی۔ ٹوئٹر پر ایک شخص کی جانب سے ایک حسن بچے کی تصویر شیئر کی گئی۔ صارف نے ٹوئٹ میں لکھا کہ میرا نام ظاہر حسین ہے اور صوبائی سے میرا تعلق ہے، میں سرکاری (بقیہ نمبر 54)

برطانیہ میں بھارتی ہائی کمیشن کے سامنے ہزاروں افراد کا احتجاج

بھارتی حکومت کو گستاخانہ بیانات پر معافی مانگنے پر مجبور کیا جائے، مظاہرین کا مطالبہ

لندن (این این آئی) بھارتی حکمران جماعت بی جے پی کے رہنماؤں کی جانب سے توہین رسالت ﷺ کے خلاف برطانیہ میں بھارتی ہائی کمیشن کے سامنے بڑی تعداد میں مظاہرین نے احتجاج کیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق (بقیہ نمبر 37)

شمالی وزیرستان دہشتگردوں کی فائرنگ سے سپاہی شاہ زیب شہید

شمالی وزیرستان کے علاقے دتہ خیل میں دہشت گردوں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا

شدید فائرنگ کے نتیجے میں پاک فوج کے ایک سپاہی شاہ زیب امتیاز نے جام شہادت نوش کیا

پشاور (نامہ نگار) شمالی وزیرستان کے علاقہ دتہ خیل میں دہشت گردوں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، شدید فائرنگ کے نتیجے میں پاک فوج کے ایک سپاہی شاہ زیب (بقیہ نمبر 38)

زیب شہید ہوگیا۔ پاکستان فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق شمالی وزیرستان کے علاقے دتہ خیل میں دہشت گردوں اور سیکیورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کے دوران سپاہی شاہ

سعودی حکومت کا حج پیکجز کیلئے نیا یونیورسل سسٹم فعال

یہ نیا سسٹم فراڈ کو روکنے اور حج کو مزید قابل رسائی بنانے کے لیے بنایا گیا ہے

ریاض (نیوز ڈیسک) سعودی حکومت کی جانب سے حج منظور کے لیے نیا یونیورسل سسٹم فعال کر دیا گیا۔ یہ نیا سسٹم فراڈ کو روکنے اور حج کو مزید قابل رسائی بنانے کے لیے بنایا گیا ہے۔ اس سسٹم کے تحت حج کے خواہش مند افراد پورٹل پر براہ راست اندراج کرا سکتے ہیں۔ درخواست گزاروں کی رجسٹریشن، فیس وصولی اور ویزے کا اجرا آن لائن ہوگا۔

صنعتوں کیلئے انڈسٹریل اسپورٹ پیکیج ختم کرنے کی تجویز

پڈیم مصنوعات پر سبسڈی ختم ہونے سے قیمتیں مزید بڑھنے کا خدشہ ہوگا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سے مالی سال مصنوں کیلئے انڈسٹریل اسپورٹ پیکیج ختم کرنے اور پڈیم مصنوعات پر دی جانے والی سبسڈی ختم کرنے کی تجویز دی گئی ہے، پڈیم مصنوعات پر سبسڈی ختم ہونے سے چیزیں مزید بڑھنے کا خدشہ ہوگا۔ نئے مالی برائس ڈفرنشل ٹیکسز کی مد میں کوئی بجٹ نہیں رکھا گیا اور بجٹ میں انڈسٹریل اسپورٹ (بقیہ نمبر 40)

پاکستان سٹوڈنٹس فیڈریشن ڈویژن کی جانب سے علاقے میں پی ایس ایف کے دفتر کا افتتاح

رکن سندھ اسمبلی نعیم ممتاز درس کا ٹ کر رہی ہیں

صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کا سپاہی شاہ زیب امتیاز کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

اسلام آباد (عابی ندیم) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے شمالی وزیرستان کے علاقہ دتہ خیل میں سپاہی شاہ زیب امتیاز کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اداکر کیے تعزیتی بیان میں صدر مملکت (بقیہ نمبر 29)

پنجاب کا بجٹ تیار، صوبائی وزیر خزانہ غیر موجود

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کا آگلے سال کا بجٹ تیار ہو گیا لیکن صوبائی وزیر خزانہ اب تک غیر موجود ہیں، بجٹ اجلاس 13 جون کو بلایا جا چکا ہے۔ پنجاب کے 2 ہزار 850 ارب روپے کے بجٹ میں 580 ارب روپے کا ترقیاتی پروگرام شامل ہے۔

عمران خان نے منحرف اراکین کے خلاف سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا دیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعظم اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سربراہ عمران خان نے 11 سنی کو ہارنے کے 20 منحرف اراکین قومی اسمبلی کی نااہلی سے متعلق ریفرنس مسترد کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کی جانب سے دیے گئے فیصلے کو چیلنج کرنے کے لیے سپریم کورٹ کا دروازہ کھٹکھٹا دیا۔

تین ماہ میں سینٹ کی بوری 400 روپے مہنگی ہوگئی

لاہور (بیورو رپورٹ) سینٹ فیکٹریوں کی جانب سے قیمتوں میں اضافے کا سلسلہ جاری ہے، سینٹ کی بوری مزید 100 روپے اضافے سے 1100 روپے ہوگئی ہے۔ تین ماہ میں سینٹ کی ایک بوری کی قیمت میں 400 روپے کا اضافہ ہو چکا ہے اور سینٹ کی (بقیہ نمبر 45)

پنجاب بھر میں خواتین جنیوں کیلئے ڈیتھ پیالے پر بھرتیوں کا فیصلہ

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب حکومت نے لاہور سمیت صوبے بھر کی خواتین جنیوں میں قید خواتین کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے محکمہ جنیل جات میں بڑے پیالے پر خواتین کی بھرتی کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ جنیل خانہ جات نے ایک سمری (بقیہ نمبر 44)

کشمیر کی مکمل آزادی تک بھارت کیخلاف آواز اٹھاتے رہیں گے

پاکستانی عوام کے دل کشمیریوں کے ساتھ دھڑکتے ہیں' وزیر مملکت شہادت حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مملکت قانون و انصاف شہادت حسین اعوان نے کہا ہے کہ کشمیری ہمارے بھائی ہیں اور مسئلہ کشمیر کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی کا موقف ہمیشہ دوٹوک رہا ہے اور ہم کشمیری مکمل آزادی تک بھارت کیخلاف آواز اٹھاتے رہیں گے۔

ناردوال (این این آئی) ناردوال پولیس کی کارروائی دو سگے بھائیوں کے قاتل گرفتار

رحیم خاں کے مشتبہ قرہال میں دو سگے بھائیوں کے قتل ہونے پر ڈی پی او ناردوال نے ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹرز کے ہمراہ موقع کا دورہ کیا۔

وفاقی وزیر سید خورشید احمد شاہ اسوپاور پراجیکٹ کی بریکنگ لیتے ہوئے

تحریک انصاف کے قرضوں کا بوجھ آج عام آدمی کو بھگتنا پڑ رہا ہے' سعدیہ تیمور

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی رکن پنجاب اسمبلی سعدیہ تیمور نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے قرضوں کا بوجھ آج عام آدمی کو بھگتنا پڑ رہا ہے، عمران خان اور انکے ترجمان دن رات جھوٹ بول بول کر تھکتے نہیں ہیں۔

بھارتی پولیس نے گستاخانہ بیان پر نوپور شرما 25 جون کو طلب کر لیا

متعلقہ چینل سے توہین آمیز بیان کی ویڈیو طلب، بیان بھی ریکارڈ کیا جائیگا، پولیس

ممبئی (این این آئی) بھارتی پولیس نے گستاخ رسول ﷺ بھارتی جنتا پارٹی کی ترجمان نوپور شرما کو طلب کر لیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ممبئی پولیس حکام نے نوپور شرما کو بیان ریکارڈ کروانے کیلئے 25 جون کو طلب کر لیا ہے، پولیس کا کہنا تھا کہ متعلقہ چینل سے توہین آمیز بیان کی ویڈیو طلب کی گئی ہے جس کے بعد انہیں بیان ریکارڈ کروانے کیلئے طلب کیا گیا ہے۔

شوکت ترین نے 20 ہزار ارب کا قرض لینے کا اعتراف کر لیا

عمران صاحب کی آئی ایم ایف سے سخت شرائط پر معاہدہ اور ڈالر 115 سے 189 پر لے جانیکا اعتراف ابھی باقی ہے

جو قرض تاریخ پاکستان میں لیے گئے اس مجموعی قرض کا 76 فیصد ہے' مریم اورنگزیب وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کا کہنا ہے کہ شوکت ترین نے آخر کار اعتراف کر ہی لیا کہ عمران خان حکومت نے چار سال کی حکومت میں 20 ہزار ارب روپے کا قرض لیا، اپنی ٹویٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ جو قرض تاریخ پاکستان میں لیے گئے اس مجموعی قرض کا 76 فیصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے بہت سے اعتراف بھی عمران صاحب نے (بقیہ نمبر 46)

شہباز شریف کی جون کے آخری ہفتے میں معمول سے زیادہ بارشوں کی پیشگوئی پر فوری اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جون کے آخری ہفتے میں معمول سے زیادہ بارشوں کی پیش گوئی پر فوری اقدامات کی ہدایات کرتے ہوئے متعلقہ وزارتوں اور محکموں کو صوبوں اور ضلعی انتظامیہ کو الرٹ کرنے کی ہدایت کی ہے۔ اتوار کو پی ایم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے ہدایت کی کہ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کو (بقیہ نمبر 51)

امپورٹڈ حکومت آنے کے بعد ترسیلات زر میں 25 فیصد کمی آئی ہے

ہماری حکومت میں برآمدات اور ترسیلات زر میں تیزی سے اضافہ ہو رہا تھا' فرخ حبیب

اسلام آباد (اے ایف پی): سابق وزیر مملکت فرخ حبیب کا کہنا ہے کہ امپورٹڈ حکومت آنے کے بعد برآمدات میں 10 فیصد اور ترسیلات زر میں 25 فیصد کمی آئی ہے (بقیہ نمبر 47)

پنجاب حکومت بجٹ سادہ اکثریت سے پاس کرانے کے قابل نہیں

ضمنی الیکشن کا شیڈول آنے کے بعد تبادلے نہیں کیے جا سکتے' فیاض چوہان

لاہور (اے ایف پی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیاض الحسن چوہان کا کہنا ہے کہ پنجاب حکومت بجٹ سادہ اکثریت سے پاس کرانے کے قابل نہیں۔ پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیاض الحسن چوہان نے کہا کہ حمزہ (بقیہ نمبر 48)

چین سے 2 ارب ڈالر کی واپسی کی مدت میں توسیع کی استدعا

چین اور آئی ایم ایف سے حاصل کردہ 7 ارب ڈالر کے مالیت قرض کا آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کوئی ذکر نہیں کیا گیا

آئی ایم ایف اور کچھ چینی قرض کا بجٹ سے اخراج ایک غلطی تھی جسے دور کر لیا جائے گا' وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان نے چین سے 2 ارب ڈالر کی واپسی کی مدت میں توسیع کی ایک بار پھر درخواست کی ہے۔ چین اور آئی ایم ایف سے حاصل کردہ 7 ارب ڈالر کے مالیت قرض کا آئندہ مالی سال کے بجٹ میں کوئی ذکر نہیں کیا گیا جب کہ وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے گذشتہ روز تسلیم کیا کہ آئی ایم ایف اور کچھ چینی قرض کا بجٹ سے اخراج ایک غلطی تھی جسے دور کر لیا جائے گا۔

باجوڑ: پولیس چوکی پر دستی بم حملہ، 2 اہلکار زخمی

باجوڑ (اے ایف پی) صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں نے دستی بم سے حملہ کیا ہے۔ ڈی پی او باجوڑ کے مطابق باجوڑ میں غار ملی کے قریب واقع پولیس چوکی پر نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے دستی بم حملہ کیا (بقیہ نمبر 52)

وفاقی وزیر آبی وسائل سید خورشید احمد شاہ کا دورہ کا سوئیڈیم

اسلام آباد (اے ایف پی) وفاقی وزیر برائے آبی وسائل سید خورشید احمد شاہ اتوار کو داسو ڈیم پہنچ گئے، چیئرمین واپڈا نوید اعزم چوہدری، پیپلز پارٹی کے رہنما محمد کریم کنڈی و دیگر حکام بھی ہمراہ ہیں (بقیہ نمبر 53)

تحریک انصاف کے مرکزی رہنما جمشید اقبال کی قیادت میں احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

تحفظ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام تحفظ ناموس رسالت ریلی

بھارتی مصنوعات کا بائیکاٹ کریں حکومت پاکستان فوراً بھارتی سفیر کو ملک بدر کرے

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) تحفظ ناموس رسالت ریلی کا انعقاد فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام سلم ٹاؤن حاجی چوک میں کیا گیا۔ ریلی کی قیادت (بقیہ نمبر 49)

پیارے آقا ﷺ کی شان میں گستاخی کی بھرپور مذمت کرتے ہیں

بی جے پی کے رہنما کی سزا تک مسلم ممالک بھارت کا معاشی بائیکاٹ کریں' او آئی سی عرب لیگ اور مسلم ممالک دشمنوں سے آگے بڑھیں

اسلام آباد میں ریلی سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ صادق تنجرانی و دیگر ارکان بھی موجود تھے

طلیعہ ثقیفیہ (ایبٹ آباد) ایڈمنسٹریٹر ایبٹ آباد میں بھارتیہ جنتا پارٹی کے لیڈر کی جانب سے ہمارے پیارے آقا جان حضرت محمد ﷺ کی شان میں گستاخی کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، رسول پاک ﷺ کی ذات اقدس نہ صرف مسلمانوں بلکہ تمام عالمین میں بسنے والی مخلوقات کے لئے رحمت اور اپنی طلیعہ تقدیسیہ سے نچھاور ہیں۔ ہماری جان، مال اور اولاد کی اکرم ﷺ پر قربان!!! اسلام آباد میں ریلی سے ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی محمد آفریدی کا خطاب اس موقع پر چیئرمین سینٹ جناب صادق تنجرانی اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔ حاجی محمد آفریدی نے کہا ہے کہ بی جے پی کے رہنما کی سزا تک مسلم ممالک بھارت کا معاشی بائیکاٹ کریں' او آئی سی' عرب (بقیہ نمبر 50)

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

بجٹ تجاویز میثاق معیشت ناگزیر

وفاقی وزیر خزانہ نے مالی سال 23-2022 کے لیے 9 ہزار 502 ارب روپے کے اخراجات کی بجٹ تجاویز پیش کردی ہیں۔ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں 15 فیصد جبکہ پنشنرز کی پنشن میں 5 فیصد اضافے کی تجویز رکھی گئی ہے۔ تنخواہ دار طبقے کے لیے ٹیکس ریلیف کی حد 12 لاکھ روپے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں شامل افراد کو 2 ہزار روپے اضافی ملیں گے۔ اسی طرح زیادہ آمدن والے افراد پر خصوصی ٹیکس لگایا جائے گا۔ بچت پالیسی کے تحت غیر ملکی دوروں کے سوا ہر قسم کے دوروں پر پابندی عائد کر دی گئی ہے، کابینہ ارکان اور سرکاری ملازمین کے پیٹرول کوٹہ میں 50 فیصد کمی کا اعلان کیا گیا جبکہ اگلے سال کے لیے مہنگائی کا تخمینہ 11.5 فیصد لگایا گیا ہے۔ اگلے مالی سال کے لیے درآمدات کا تخمینہ 70 ارب ڈالرز جبکہ برآمدات کا ہدف 35 ارب ڈالرز مقرر کیا گیا ہے۔ بیرون ملک سے ترسیلات زر کا ہدف 33.20 ڈالرز مقرر کیا گیا ہے۔ دفاع کے لیے 1523 ارب اور ترقیاتی اخراجات 800 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ بجٹ تجاویز میں آبی ذخائر کے لیے 100 ارب روپے مختص کرنے۔ سماجی شعبے کے لیے 40 ارب، صحت کے اداروں کی صلاحیت بڑھانے کے لیے 24 ارب روپے رکھے گئے ہیں۔ بجٹ تجاویز میں توانائی کے شعبے میں اہم اقدام کرتے ہوئے سولر پینل کی درآمد اور سیلز ٹیکس ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں اتحادی جماعتوں کی حکومت کے پہلے بجٹ کے لیے پیش کی گئی تجاویز کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ عام آدمی کے لیے ممکنہ ریلیف فراہم کرنے کی کوششوں کے باوجود زمینی حقائق یہی ہیں کہ ملکی معیشت کی بحالی و استحکام کے لیے اگلے مالی سال کے دوران سخت چیلنجز کا سامنا درپیش رہے گا۔ ملکی معیشت کو سب سے بڑا چیلنج غیر ملکی قرضوں پر سود کی ادائیگی ہوگی۔ اس کے علاوہ سماجی میدان میں مہنگائی کے بے قابو جن کو کنٹرول کرنے کے لیے حکومت کو خصوصی کوششیں کرنا ہوں گی۔ اسی طرح تجارتی خسارے کی شکل میں درپیش انتہائی خوفناک چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے معاشی ٹیم کو غیر معمولی اقدامات کرنے ہونے گے۔ دیکھا جائے تو حکومت نے اگلے مالی سال کے لیے درآمدات کو 70 ارب ڈالرز تک محدود کرنے اور برآمدات کو 35 ارب ڈالرز تک بڑھانے کی تجویز سامنے رکھی ہے جس کو عملی شکل دی بھی جاسکے تو پھر بھی مالی سال کے اختتام پر ملک کو 35 ارب ڈالرز کے ناقابل برداشت تجارتی خسارے کا سامنا کرنا پڑے گا۔ اس بڑے فرق کو دور کرنے کے لیے سرمایا کاری کے لیے سازگار ماحول، زراعت، صنعت، تجارت کی ترقی کے درست راستوں کا تعین، سیاحت، تعمیرات اور قومی وسائل پر بھرپور توجہ دینے کی اشد ضرورت ہے۔ اسی طرح توانائی کے شعبے کو دیکھا جائے تو بجلی کی مد میں 25 سو ارب اور گیس میں 14 سو ارب روپے کے گردی قرضے کسی بھی حکومت کے لیے خطرناک معاشی چیلنج سے کم نہیں۔ بجلی اور گیس کے نرخوں میں بے تحاشا اضافے کی ایک یقینی وجہ گردشی قرض بھی رہا۔ اس کے علاوہ بھی دیکھا جائے۔

بی جے پی پارٹی کی نوپور شرما ملعونہ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی

بی جے پی پارٹی کی ترجمان نوپور شرما ملعونہ کی سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی شان اقدس میں گستاخی، بدزبانی اور دیدہ دلیری نے مسلمانوں کی غیرت ایمانی کو بیدار کردیا ہے۔ ہمارے سینے اس پہ چھلنی ہیں اور دل خوں کے آنسو رو رہا ہے۔ ہم اپنی جانیں، مال و متاع سب کچھ ناموس رسالت پہ لٹا سکتے ہیں لیکن محبوب کریم نبی آخر الزماں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں کوئی گستاخی برداشت نہیں کرسکتے۔ اس وقت پوری امت مسلمہ میں بی جے پی کی اس ناپاک اور ذلیل حرکت پہ غم و غصہ کی لہر ہے۔ یہود و ہنود اور صیہونی طاقتیں چاہے جتنے ہی اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرلیں وہ عشق رسول ﷺ عاشقان مصطفیٰ کے سینوں سے کبھی بھی نہیں نکال سکتے۔ عالم کفر ہر بار یہ بھول جاتا ہے کہ شمع رسالت کے پروانے جیسا کہ عامر عبدالرحمن چیمہ شہید رحمتہ اللہ علیہ نے گستاخ رسول کو واصل جہنم کیا، غازی علم الدین شہید رحمتہ اللہ علیہ نے گستاخ رسول راجپال کو واصل جہنم کیا اور غازی ممتاز حسین قادری شہید رحمتہ اللہ علیہ نے گستاخ رسول سلمان تاثیر کو واصل جہنم کیا۔ یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے جس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ جس ملعون نے بھی آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کی ہے وہ اپنے عبرت ناک انجام کو پہنچا ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: "بے شک جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو ایذا دیتے ہیں، ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ کی لعنت ہے، اور ان کے لیے اس نے توہین والا عذاب تیار کر رکھا ہے" (الاحزاب: 57) "یہ لوگ ملعون ہیں، جہاں بھی پائے جائیں پکڑ لیے جائیں اور خوب قتل کیے جائیں" (الاحزاب: 60) نوپور شرما ملعونہ ٹائمز ناؤ کے پروگرام میں اینکر ناویکا کمار جو مسلم دشمنی میں مشہور ہے کے ساتھ جب گیان واپی مسجد کے موضوع پر بحث کر رہی تھیں تو انہوں نے ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور واقعہ معراج کے تعلق کے حوالے سے آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کی نعوذ باللہ! بھارت میں موجود مسلمانوں نے اس پر شدید احتجاج کیا ہے اور ابھی بھی کر رہے ہیں لیکن مودی حکومت اور اس کے حواری مسلمانوں پر ظلم کے پہاڑ توڑ رہے ہیں سر بازار مسلمان مرد و خواتین کو شہید کیا جارہا ہے، مساجد کو شہید کیا جارہا ہے 1500 مسلمانوں کو جو احتجاج کر رہے تھے انہیں جیلوں میں بند کردیا ہے۔ ہنود اپنا مکروہ اور غلیظ چہرہ پوری دنیا کو دکھا رہے ہیں۔ پاکستان میں بھی اس وقت شدید غم و غصے کی لہر جاری ہے۔ تحریک لبیک پاکستان اور دیگر مذہبی جماعتیں بی جے پی کے اس گستاخی کی مذمت کر رہے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان اور دیگر سیاسی جماعتیں بھی مذمت کی ہے، تحریک لبیک پاکستان کے سربراہ جناب حافظ سعد حسین رضوی نے کہا ہے کہ بھارت کی تمام مصنوعات کا بائیکاٹ کیا جائے۔ اس وقت عرب ممالک نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس کی خاطر جس غیرت ایمانی کا ثبوت دیا ہے وہ انتہائی قابل تحسین ہے۔ کویت کی حکومت نے وہاں پہ موجود بھارتی سفیر کو بلا کر بی جے پی کے اس گستاخی پہ وضاحت طلب کی ہے اور اس کی مصنوعات کا مکمل بائیکاٹ کیا ہے۔ کویت میں لوگوں نے ڈسٹ بنز کے اوپر مودی کی تصویر بنا کر اس میں کوڑا بھر کر اس کو جوتے مارے ہیں۔ اسی طرح کویت، بحرین اور سعودی عرب اور دیگر عرب ممالک میں مختلف کمپنیز میں کام کرنے والے انڈین کو اپنے ملک سے فوری طور پر نکل جانے کا حکم دیا ہے اور بھارت کی پروڈکٹس کو اپنی مارکیٹس سے نکال دیا ہے، اس کے علاوہ عرب ممالک نے بھارت کے ساتھ لین دین ختم کر کے تیل کی سپلائی بھی بند کر دی ہے۔ اس کے بعد بھارتی حکومت کے چھکے چھوٹ گئے ہیں اور ان کے غبارے سے ہوا نکل گئی ہے۔ اب بھارت معذرت کرنے پہ اتر آیا ہے اور نوپور شرما کو پارٹی رکنیت سے نکال دیا ہے۔ اس وقت اگر تمام مسلم ممالک ایکا کرلیں کہ جو بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخی کرے گا، ہمارا اس کے ساتھ لین دین ختم اور مصنوعات کا بائیکاٹ ہوگا، اس طرح یہود و ہنود جو ایک ہی شاخ کے الو ہیں، یہ اپنی موت آپ مرجائیں گے۔ کیونکہ انہیں تجارت عزیز ہے اور ہمیں ہر چیز سے بڑھ کر سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس اور ناموس محبوب ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں ارشاد فرماتا ہے: "فرما دو کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارا خاندان اور تمہاری کمائی کے مال اور وہ تجارت جس کے تم نقصان سے ڈرتے ہو اور تمہارے پسندیدہ مکان تمہیں اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد کرنے سے زیادہ محبوب ہوں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا" (التوبہ: 24) حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے: "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کی اولاد، اس کے والدین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں" (بخاری شریف) محمد کی غلامی دین حق کی شرط اول ہے اسی میں ہو اگر خامی تو ایماں نامکمل ہے بتلا دو گستاخ نبی کو غیرت مسلم زندہ ہے دین پہ مرمٹنے کا جذبہ کل بھی تھا اور آج بھی ہے۔

اسلامک فوبیا اور اس کا سدباب

شائلہ نسیم امن

رحمت العالمین شافع روز محشر وجہ تخلیق کائنات حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے جس پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں ہے ناموس آقا دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہماری جانیں بھی قربان ہیں بطور مسلمان ہم جس قدر بھی بدعمل بدعقیدہ نماز روزہ اور دیگر ارکین اسلام سے جتنے بھی دور ہوں مگر تاریخ گواہ ہے جب بھی کبھی آقا نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات اقدس پر کوئی انگلی اٹھی تو بلا امتیاز مسلک و ملت پوری قوم یک زبان ہوئی ہم نے لانگ مارچ احتجاجی ریلیاں بھی نکالیں اور ختم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پہرہ دار ملک کی حیثیت سے پہرہ دینے کی بھی کوشش کی دنیا بھر میں جہاں جہاں مسلمان بستے ہیں وہ تعداد میں تھوڑے ہوں یا زیادہ مگران کی محبت میں کمی نہیں آتی عالم اسلام کی نگاہیں ہمیشہ پاکستان پر رہی ہیں ملت اسلامیہ کو یکجا کرنے میں پاکستان نے ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ ہمارا سب سے بڑا اور عقیدت کے لحاظ سے معزز و محترم ملک سعودی عرب ہے جہاں روضہ ختم الانبیاء ﷺ علیہ السلام ہے خانہ خدا کے نظارے ہیں کہنے کو وہاں خادمین حرمین شریفین رہتے ہیں مگر آج تک ان کی ایک بھی پالیسی ایسی نہیں آئی کہ جس کو دیگر مسلم ممالک اپنائیں یہود و نصاری کے ساتھ باہم شیر و شکر ہونے والے یہ خائن حرمین شریفین آئیر وز اپنی قبیح حرکات سے عالم سلام کے لیے باعث ذلت بنتے رہتے ہیں اسلامک فوبیا کے حوالے سے کبھی کوئی باقاعدہ آواز نہیں اٹھائی گئی او آئی سی نامی اسلامی ممالک کی تنظیم جس کا مقصد ہی یہی تھا اس کے پلیٹ فارم سے بھی کبھی ایسا کام نہیں کیا گیا پاکستان وہ واحد ملک ہے جس کے وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے او آئی سی کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کیا اسی کی پاداش میں پھانسی کا پھندہ ان کا مقدر ٹھہرا قادیانیوں کو کافر قرار دینے کے بل پر دستخط بھی انہی نے کیے تھے پھر ایک طویل عرصہ تک او آئی سی فقط کاغذات کی حد تک متحرک رہی مگر عملی کارکردگی صفر تھی بھٹو کے بعد جتنے بھی سربراہان مملکت آئے ان کی کبھی بھی یہ ترجیح نہیں رہی کہ او آئی سی میں اپنا فعال کردار ادا کریں پھر نصف صدی کے بعد پاکستان کو ایسا لیڈر ملا جس کی ساری پرورش تو یورپ وغیرہ میں ہوئی مگر جب اس میں تبدیلی آئی تو پھر دنیا نے دیکھا کہ کیسے بطور وزیراعظم عمران خان نے پہلے دن سے اسلامک فوبیا کے حوالے سے عملی کام کیا بھٹو کے بعد پہلی بار ہوا کہ عمران خان نے گزشتہ مارچ میں پاکستان کو او آئی سی وزیر خارجہ کانفرنس کے لیے بطور میزبان پیش کیا پاکستان میں ہونے والی اس کانفرنس میں عالم اسلام کے تمام ممالک سے وزرائے خارجہ نے شرکت کی عمران خان کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ انہوں نے اقوام متحدہ میں اپنے آخری نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنی غیر متزلزل محبت اور عقیدت کو بھی واضح کیا اور بتایا کہ اپنے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات مقدس ہمارے لیے کیا اہمیت رکھتی ہے عمران خان کی کاوشوں اور محنت سے اقوام متحدہ میں 15 مارچ کو باقاعدہ اسلامک فوبیا ڈے اور شعور و آگاہی کے طور پر منانے کا باضابطہ اعلان کیا گیا یورپ میں اکثر و بیشتر ایسی گستاخانہ حرکتیں کی جاتی رہی ہیں اور یہ سلسلہ ابھی بھی جاری ہے کبھی گستاخانہ خاکے بنوا کر ان کا مقابلہ کروایا جاتا تو کبھی کسی اور طریقہ سے مسلمانوں کے جذبات کو بھڑکانے کی مذموم کوشش کی جاتی رہی ہے اب تازہ ترین گستاخی بھارتی جنتا پارٹی کے ترجمان کی طرف سے کی گئی حکومت پاکستان نے روایتی طور پر بھارتی سفیر کو بلا کر احتجاجی مراسلہ دیا یہ ایک روٹین کا کام ہے مگر ہمیں عملی طور پر کچھ کرنا ہوگا جس طرح عمران خان نے اسلامک فوبیا پر اپنا مظبوط موقف پیش کیا اسی طرح موجودہ حکومت کو بھی کرنا چاہیے کل تک فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرنے کے لیے مذہبی شدت پسندوں کی طرف سے سابق حکومتوں کے خلاف خونی لانگ مارچز کیے جاتے رہے 2018 میں نواز حکومت کے خلاف فیض آباد میں دھرنہ دیا گیا جس میں کئی قیمتی جانیں ضائع ہوئیں پھر 2021 اور اس سے پہلے پی ٹی آئی حکومت کے خلاف ایک شدت پسند جماعت جس کی پیدائش کا سبب مقتدرہ قوتیں ہیں پی ٹی آئی حکومت کو کمزور کرنے کے لیے ایک اشارہ کیا گیا اور شدت پسندوں کے جتھے مسلح ہو کر نکل پڑے پولیس اہلکاروں کو قتل کیا گیا جیسے ہی انگلی کا اشارہ ہوا پھر چلتا ہوا کھلونا جیسے چابی کے اشارے پر ساکت ہوجاتا ہے ویسے ہی یہ مولوی حضرات بھی ساکت ہوگئے اب بھارت کی ایک انتہا پسند ہندو جماعت کے ترجمان نے بکواس کی ہے ہماری موجودہ حکومت نے آتے ہی ان کے ساتھ سب سے پہلے تجارتی تعلقات بحال کیے جن کا تعلق موجودہ حکمرانوں کے اپنے کاروبار سے ہے جو پچھلے چار سال میں بند پڑا رہا اب نہ تو شدت پسند مولوی لانگ مارچ کریں گے کیوں کہ کی لگام جن کے ہاتھوں میں ہے وہ موجودہ حکومت کو لانے والوں میں شامل ہیں ایسے میں وہ کیسے چاہیں گے کہ حکومت غیر مستحکم ہو؟ لہٰذا نہ اب بھارتی سفیر کی ملک بدری کا ویسے شور ڈالا جائے گا جیسے ایک سال پہلے ڈالا گیا تھا نہ اس حکومت کے لیے لانگ مارچ کر کے مسائل پیدا کیے جائیں گے لیکن پھر بھی ہم محبت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی رہیں گے اور ہمارے نعرے بھی پرانے نہیں ہوں گے

روزانہ ایک کپ کافی سے گردوں کی حفاظت ممکن

نیویارک (سی ایم لنکس) روزانہ ایک کپ کافی پینے سے گردوں میں ایکوٹ کڈنی انجری (اے کے آئی) کا خطرہ ٹالا جاسکتا ہے جس میں اکثر گردے اچانک فیل ہوجاتے ہیں۔ جان ہاپکنز اسکول آف میڈیسن سے وابستہ سائنسدانوں نے اپنی تحقیق کے بعد کہا ہے کہ کافی دماغی زوال اور ٹائپ ٹو ذیابیطس جیسے امراض میں پہلے ہی مفید ثابت ہوچکی ہے تاہم اب معلوم ہوا ہے کہ ایک کپ روزانہ کافی پینے سے اے کے آئی کا خطرہ 15 فیصد تک کم ہوسکتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اگر کافی کے دو سے تین کپ روزانہ پینے سے زیادہ فائدہ ہوسکتا ہے جو 23 فیصد تک ہوسکتا ہے۔ طبی اصطلاح میں جب 'چند گھنٹوں یا چند دنوں میں گردے تیزی سے ناکارہ ہونے لگیں اور گردوں کو شدید ترین نقصان ہوجائے تو اسے اکیوٹ کڈنی انجری' کہا جاتا ہے۔ اس کے بعد زہریلے مرکبات بدن میں جمع ہونے لگتے ہیں اور خون میں جمع ہونے سے کئی طرح کی پیچیدگیاں پیدا ہوتی ہیں۔ درحقیقت ایک مطالعہ کافی کے استعمال اور دل کے امراض پر تھا اور اسی ڈیٹا کو دیکھ کر سائنسدانوں نے یہ نکتہ اخذ کیا ہے۔ اس میں کل 14207 بالغ افراد بھرتی کیے گئے تھے اور 1987 تا 1989 تک ان کا مطالعہ کیا گیا تھا۔

وٹامن ڈی کی کمی سے ذیابیطس ٹائپ ٹو کا خطرہ

ٹوکیو (سی ایم لنکس) وٹامن ڈی کی کمی سے صحت کے کئی مسائل ہوجاتے ہیں اور عالمی سطح پر وٹامن ڈی کی کمی تیزی سے دیکھی جا رہی ہے۔ جاپان میں کی جانے والی ایک حالیہ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ وٹامن ڈی کی کمی کو دور کرنے والی سپلیمنٹس لینے سے ذیابیطس ٹائپ ٹو کا خطرہ کم ہوتا ہے۔ طبی جریدے 'بی ایم جے' میں شائع تحقیق کے مطابق ماہرین کی جانب سے 1256 افراد پر تین سال تک کی جانے والی تحقیق کے نتائج سے معلوم ہوا کہ جو لوگ وٹامن ڈی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سپلیمنٹس لیتے ہیں ان میں نہ صرف ذیابیطس ٹائپ ٹو ہونے کا خطرہ کم ہوتا ہے بلکہ ان میں انسولین کی مقدار بھی بہتر رہتی ہے۔ تحقیق کے دوران ماہرین نے رضاکاروں کو دو گروپوں میں تقسیم کیا، جس میں سے ایک گروپ کو ماہرین نے یومیہ وٹامن ڈی کے سپلیمنٹ کی انتہائی کم مقدار فراہم کی، جب کہ دوسرے گروپ کو صرف سادہ گلوکوز دیا گیا۔ ماہرین نے تحقیق کے دوران رضاکاروں کے ہر تین ماہ کے بعد مختلف ٹیسٹ کیے، جن میں ان کے باڈی ماس انڈیکس کے علاوہ دیگر ٹیسٹ بھی شامل تھے اور ان میں ذیابیطس کو بھی چیک کیا گیا۔ نتائج سے معلوم ہوا کہ جو افراد وٹامن ڈی کی کمی کو پورا کرنے والے سپلیمنٹس لے رہے تھے

بی جے پی رہنما کے گستاخانہ بیان پر ابرار الحق برہم



لاہور (این این آئی) معروف گلوکار ابرار الحق نے بھارت کی حکمران جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی خاتون رہنما کی جانب سے گستاخانہ بیان کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے ٹوئٹر پیغام میں ابرار الحق نے کہا کہ تمام پاکستانیوں کو اس حوالے سے یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے خلاف شدید ردعمل دینا چاہیے۔ گلوکار نے اپنے بیان میں کہا کہ بی جے پی کی خاتون رہنما کی جانب سے ایسا بیان دینا شرمناک عمل ہے، بھارتی حکومت کو اس معاملے پر فوری طور پر معافی مانگنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف ایک مذہبی مسئلہ نہیں ہے بلکہ انسانی حقوق کی پامالی بھی ہے۔

شریک حیات کیلئے کیریئر کو الوداع کرنا پڑا تو میں کروں گی

ابھی شادی طے نہیں ہوئی لیکن ہم جلد ہی شادی کر لیں گے، صبا قمر

کراچی (این این آئی) اداکارہ صبا قمر ایک شو میں مدعو تھیں جہاں انہوں نے اپنے کیریئر اور مستقبل قریب میں اپنی شادی کے بارے میں گفتگو کی۔ ایک سوال پر صبا قمر نے کہا کہ میں اپنی زندگی میں ایک شخص کو پا کر خوش ہوں۔ وہ بیرون ملک رہتے ہیں اور الحمدللہ مسلمان ہیں۔ صبا قمر کا کہنا تھا کہ ابھی شادی طے نہیں ہوئی لیکن ہم جلد ہی شادی کر لیں گے اور اپنے ہونے والے شوہر کے ساتھ حج کرنا میرا خواب ہے۔ اداکاری کے حوالے سے صبا قمر نے کہا کہ شادی کے بعد میں اداکاری جاری نہیں رکھوں گی، اگر مجھے اپنے شریک حیات کے لیے کیریئر کو الوداع کرنا پڑا تو میں کروں گی۔

چاہتی ہوں میری شادی بھی کترینہ کی طرح ہو، اداکارہ درفشاں

میں کوشش کروں گی کہ کسی بھی شخص کے ساتھ ڈیٹ نہ کروں اور سیدھا سیدھا نکاح کروں

کراچی (این این آئی) پاکستان کی ابھرتی ہوئی اداکارہ درفشاں کا کہنا ہے کہ وہ چاہتی ہیں ان کی شادی بھی کترینہ کیف کی طرح خاموشی سے ہو۔ درفشاں حال ہی میں نجی ٹی وی کے پروگرام میں شریک ہوئیں جس میں انہوں نے اپنی ذاتی زندگی سمیت کیریئر میں پیش آنے والے چیلنجز سے متعلق گفتگو کی۔ میزبان نے اداکارہ سے شادی کے حوالے سے خیالات جاننا چاہے جس پر درفشاں نے کہا کہ میں کوشش کروں گی کہ کسی بھی شخص کے ساتھ ڈیٹ نہ کروں اور سیدھا سیدھا نکاح کروں۔

ماہرہ خان کی نئی آنے والی فلم 'قائد اعظم زندہ باد' کا ٹریلر ریلیز

فہد مصطفیٰ فلم میں ہالی ووڈ کے جیمز بانڈ کی طرح اسٹنٹ کرتے نظر آئیں گے

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کی سپر اسٹار ماہرہ خان اور فہد مصطفیٰ کی نئی آنے والی فلم 'قائد اعظم زندہ باد' کا ٹریلر ریلیز کردیا گیا ہے۔ ایکشن سے بھرپور فلم کے ٹریلر میں فہد مصطفیٰ کو ایک پولیس افسر کے کردار میں دکھایا گیا ایسا پولیس افسر جو پہلے خود رشوت لیتا ہے اور بعد میں ایماندار ہوجاتا ہے۔ ایکشن سے بھرپور ٹریلر کو دیکھ کر یہ معلوم ہوتا ہے کہ فہد مصطفیٰ فلم میں ہالی ووڈ کے جیمز بانڈ کی طرح اسٹنٹ کرتے نظر آئیں گے اور فلم میں وی ایف ایکس مناظر بھی دیکھنے کو ملیں گے، فلم کی زیادہ تر کہانی رشوت لینے اور دینے کے گرد گھومتی ہے۔ اداکارہ ماہرہ خان نے ٹریلر کے لانچ پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ فلم سائن کرنے کی اہم وجہ فلم کی کہانی تھی۔

برٹنی سپیئرز اور سیم اصغری نے باضابطہ طور پر شادی کر لی

لاس اینجلس (این این آئی) امریکی گلوکارہ و اداکارہ برٹنی سپیئرز اور اداکار سیم اصغری نے گزشتہ روز لاس اینجلس میں باضابطہ طور پر شادی کر لی جس میں ان کے قریبی دوستوں نے شرکت کی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق برٹنی اسپیئرز اور سیم اصغری باضابطہ طور پر شادی کے بندھن میں بندھ گئے ہیں، جوڑے نے لاس اینجلس میں شادی کی ایک خصوصی تقریب منعقد کی جس میں جوڑے کے تقریباً 60 قریبی مہمانوں نے شرکت کی۔ مہمانوں میں انڈسٹری سے تعلق رکھنے والے ان کے قریبی دوست جیسے پیرس ہلٹن، میڈونا اور دیگر شامل تھے۔

عامر لیاقت کا انتقال، طوبیٰ انور نے خاموشی توڑ دی

زندگی کے دوران عامر لیاقت نے بہت سی زندگیوں پر مثبت اثر ڈالا

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی، عامر لیاقت حسین کے انتقال پر ان کی دوسری سابق اہلیہ، طوبیٰ انور نے بھی پوسٹ شیئر کر کے خاموشی توڑ دی۔ اداکارہ طوبیٰ انور نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ کی اسٹوری پر اپنے سابق شوہر، عامر لیاقت حسین کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ طوبیٰ انور نے لکھا کہ اپنی زندگی کے دوران عامر لیاقت نے بہت سی زندگیوں پر مثبت اثر ڈالا، میری دعا ہے کہ عامر لیاقت حسین کی آگے کی زندگی آسان ہو۔ انہوں نے مزید لکھا کہ میری سب سے درخواست ہے کہ خدارا جن کا نقصان ہوا ہے ان کی نجی زندگی کا احترام کریں۔

ماہیما چوہدری کے بریسٹ کینسر میں مبتلا ہونے کا انکشاف

کینسر کی کوئی علامت نہیں تھی، تشخیص میرے معمول کے چیک اپ میں ہوئی تھی



ممبئی (این این آئی) ماضی کی مشہور فلم پردیس سے بالی وڈ میں انٹری مارنے والی اداکارہ ماہیما چوہدری کے بریسٹ کینسر میں مبتلا ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ گزشتہ روز اداکار انوپم کھیر نے انسٹاگرام پر ماہیما چوہدری کے ہمراہ ایک ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ اداکارہ گزشتہ کچھ عرصے سے بریسٹ کینسر سے لڑرہی تھیں۔ انوپم کھیر نے ماہیما چوہدری کے ہمراہ ان کی صحت کی اپڈیٹ کے حوالے سے پوسٹ کی گئی ویڈیو کے کیپشن میں کہا کہ میں نے اپنی 525 ویں فلم The Signature میں بہت اہم کردار ادا کرنے کیلئے ماہیما کو ایک ماہ قبل امریکا سے بلانے کیلئے انہیں کال کی۔ تاہم ہماری بات چیت کے دوران مجھے پتہ چلا کہ انہیں بریسٹ کینسر ہے۔ انہوں نے ماہیما کو ہیرو قرار دیتے ہوئے لکھا کہ اداکارہ کا رویہ پوری دنیا میں بہت سی خواتین کو امید دے گا۔

میدان میں آ کر شاداب سے گلے ملنا مداح کے گلے پڑ گیا

گراؤنڈ میں جنگلہ پھلانگ کر گھسنے والے وقاص نامی تماشائی کیخلاف ایف آئی آر درج

ملتان (اے ایف پی) شاداب خان سے گلے ملنا شہری کو گلے پڑگیا، پاک ویسٹ انڈیز دوسرے ون ڈے کے دوران گراؤنڈ میں گھسنے والا نوجوان پولیس کے حوالے کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ملتان میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان کھیلے جانے والے دوسرے ون ڈے میچ کے دوران گراؤنڈ میں گھسنے والے تماشائی کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پاکستان ٹیم کی بیٹنگ کے دوران گراؤنڈ میں جنگلہ پھلانگ کر گھسنے والے وقاص نامی تماشائی کے خلاف ایف آئی آر میں دفعہ 452 اور دفعہ 188 کو شامل کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق محمد وقاص اشرف گراؤنڈ سے واپسی پر شائقین کی طرف بھاگا اور وہاں سے فرار ہونے کی کوشش کی جس کے باعث یہ دونوں دفعات ایف آئی آر میں شامل کی گئی ہیں۔ پاکستانی اننگز کے 39 ویں اوور میں ایک تماشائی میدان میں داخل ہوا اور کریز پر موجود شاداب خان کو سلیوٹ کیا جس کے بعد قومی آل راؤنڈر نے اسے گلے لگالیا تھا۔

سترہ سالہ علی اسفند اسپن باؤلنگ کی دنیا میں نام بنانے کے خواہشمند

لاہور (این این آئی) سترہ سالہ علی اسفند اسپن باؤلنگ کی دنیا میں نام بنانے کے خواہشمند ہیں۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق ترقی کا حصول عزائم کی بلندی پر منحصر ہے یہی وجہ ہے کہ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے 17 سالہ علی اسفند نے کرکٹ کے ذریعے دنیا بھر میں نام بنانے کو اپنا ہدف بنا رکھا ہے، بائیں ہاتھ سے باؤلنگ کرنے والے اسپنر کا تعلق بھی ان 10 ابھرتے ہوئے ستاروں میں سے ہے جنہیں پی سی بی پاتھ ویز پروگرام کے ذریعے کیریئر میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ علی اسفند نے گزشتہ ڈومیسٹک سیزن میں سینٹرل پنجاب بلیوز کی نمائندگی کرتے ہوئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ انہوں نے نیشنل انڈر 19 کپ میں 10 وکٹیں حاصل کر کے بہترین باؤلر کا ایوارڈ حاصل کیا تھا۔ وہ نیشنل انڈر 19 چیمپئن شپ میں بھی 25 وکٹیں حاصل کر کے ٹورنامنٹ کے دوسرے بہترین باؤلر قرار پائے تھے 17 سالہ اسپنر کو خوشی ہے کہ پی سی بی کے پاتھ ویز پروگرام کے ذریعے نوجوان کھلاڑیوں کو 30 ہزار روپے ماہوار وظیفہ اور تعلیمی اسکالرشپ دیا جائے گا۔ اس پروگرام نے ان والدین کو انہیں کرکٹ کھیلنے کی اجازت دینے پر راضی کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ نوجوان کرکٹر کے مطابق انہیں اکثر پڑھائی چھوڑ کر کرکٹ کھیلنے پر والدین کے غصے کا سامنا کرنا پڑتا تھا، والدین کی خواہش تھی کہ وہ تعلیم حاصل کر کے اپنے مستقبل کو سنواریں تاہم شروع سے ہی ان کا جنون کرکٹ تھا اور وہ اسی کھیل میں اپنا مستقبل بنانا چاہتے ہیں۔

پرویز مشرف میرے لیے ایک تحریک ہیں، شعیب ملک

آپ ایک بہادر سپاہی اور اس ملک کی مٹی کے بیٹے ہیں، سینئر کھلاڑی

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سینئر کھلاڑی شعیب ملک نے سابق صدر جنرل (ریٹائرڈ) پرویز مشرف کی صحتیابی کیلئے دعا کی اور کہا ہے کہ پرویز مشرف میرے لیے ایک تحریک ہیں۔ گزشتہ روز پرویز مشرف کی طبیعت سے متعلق کچھ خبریں سامنے آئیں جن میں کہا گیا تھا کہ وہ وینٹی لیٹر پر ہیں تاہم اُن کے اہلخانہ نے سوشل میڈیا پر وضاحتی بیان جاری کردیا تھا۔ شعیب ملک نے مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر جاری کیے گئے پیغام میں پرویز مشرف سے مخاطب ہوتے ہوئے لکھا کہ میرے دل میں آپ کے لیے بے پناہ عزت ہے، آپ ایک حقیقی رہنما ہیں اور آپ مجھ سمیت بہت سے لوگوں کے لیے ایک تحریک ہیں۔ شعیب ملک نے کہا کہ آپ ایک بہادر سپاہی اور اس ملک کی مٹی کے بیٹے ہیں۔ انہوں نے سابق صدر کی صحتیابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں اللہ تعالیٰ آپ کے اور آپ کے اہل خانہ کے دکھوں میں آسانی فرمائے۔

بابر اعظم کی آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں ترقی

نئی ٹیسٹ بیٹرز کی رینکنگ میں آسٹریلیا کے مارنس لابوشین کی پہلی پوزیشن برقرار ہے



دبئی (سی ایم لنکس) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کی پلیئرز رینکنگ میں ایک درجے ترقی کے بعد چوتھے نمبر پر پہنچ گئے۔ آئی سی سی نے ٹیسٹ پلیئرز رینکنگ جاری کردی، نئی ٹیسٹ بیٹرز کی رینکنگ میں آسٹریلیا کے مارنس لابوشین کی پہلی پوزیشن برقرار ہے۔ بیٹرز رینکنگ میں انگلینڈ کے جو روٹ چوتھے سے دوسرے نمبر پر آ گئے ہیں جبکہ آسٹریلیا کے اسٹیو اسمتھ ایک درجے تنزلی کے بعد تیسرے نمبر پر چلے گئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے کپتان کین ولیمسن دو درجے تنزلی کے ساتھ پانچویں نمبر پر چلے گئے۔

بابر اعظم نے نادانستہ طور پر ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کو تحفے میں 5 رنز دے دیئے

ملتان (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے نادانستہ طور پر ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم کو تحفے میں 5 رنز دے دیئے۔ گزشتہ روز پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان کھیلے گئے دوسرے ایک روزہ میچ میں قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم کی کرکٹ قوانین سے لاعلمی کے باعث ویسٹ انڈیز ٹیم کو 5 پنالٹی رنز مل گئے۔ ویسٹ انڈیز کے الزاری جوزف کے شاٹ پر وکٹ کیپر محمد رضوان اپنا ایک گلوا اتار کر فیلڈ کیلئے دوڑے اور گیند پکڑ کر تھرو کی تاہم اسی اثنا میں بابر اعظم نے رضوان کا گلوا تھا کر پہن لیا اور گیند کو پکڑ لیا، جس وجہ سے مہمان ٹیم کو 5 رنز اضافی مل گئے۔ پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو دوسرے ون ڈے میں 120 رنز کے بھاری مارجن سے ہرا کر فیصلہ کن برتری حاصل کرلی ہے۔

میرے ساتھ ٹیم مینجمنٹ نے بہت زیادتی کی، شعیب اختر

مینجمنٹ کو موہالی میں 2011 کے سیمی فائنل میں مجھے کھلانا چاہیے تھا

راولپنڈی (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹر شعیب اختر نے کہا ہے کہ مینجمنٹ کو موہالی میں 2011 کے سیمی فائنل میں مجھے کھلانا چاہیے تھا، میرے ساتھ ٹیم مینجمنٹ نے بہت زیادتی کی۔ ایک بیان میں شعیب اختر نے کہا کہ مینجمنٹ کو موہالی میں 2011 کے سیمی فائنل میں مجھے کھلانا چاہیے تھا، میرے ساتھ ٹیم مینجمنٹ نے بہت زیادتی کی۔ انہوں نے کہا کہ میرے پاس 2 میچ رہ گئے تھے، میری خواہش تھی کہ پاکستان فائنل کھیل رہا ہو، مجھے معلوم تھا بھارت پر پریشر ہے اور پاکستان کو سیمی فائنل کا پریشر نہیں لینا

شائق سیکیورٹی حصار توڑ کر میدان میں داخل، شاداب کو گلے لگالیا

ملتان (این این آئی) ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں پاکستان اور ویسٹ انڈیز میں دوسرے ون ڈے کے دوران ایک شائق سیکیورٹی حصار توڑ کر میدان میں داخل ہوگیا۔ وسیم اکرم انکلوژر سے آنے والے تماشائی نے بیٹر شاداب خان کو سلیوٹ کیا، گلے لگایا اور گراؤنڈ سے باہر بھاگ گیا، راستے میں اس نے خوشی سے ایک قلابازی بھی لگائی اور باؤنڈری کی جانب دوڑ لگادی۔

رمیز راجا کو مزید کام کرنے کیلئے وقت دیں، توقیر ضیاء کا مشورہ

کرکٹ کا کوئی بہت ہی بیڑہ غرق کر رہا ہو تو ضرور تبدیل کریں، اس وقت ایسا نہیں



لاہور (این این آئی) سابق چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ توقیر ضیاء نے کہا ہے کہ چیئرمین پی سی بی رمیز راجا درست راستے پر کام کر رہے ہیں، انہیں کام کرنے کیلئے وقت دیں، سفارش کرنا ہوتی تو تین برس کیلئے کرتا۔ ایک انٹرویو میں توقیر ضیاء نے کہا کہ مجھے ان کی پہلی پریس کانفرنس یاد ہے، اس میں جو انہوں نے کہا اسی کے مطابق چل رہے ہیں تاہم اس موقع پر ڈیپارٹمنٹ کرکٹ کا معاملہ الگ ہے، اس کو آپ ابھی چھیڑ نہیں سکتے، جو آئین میں لکھا ہے آپ کو اس کے مطابق چلنا ہے۔ لیکن اس کے علاوہ اب تک رمیز راجا نے درست کام کیے ہیں۔ سابق چیئرمین توقیر ضیا نے کہا کہ میں نے بھی اخبار میں یہ خبر پڑھی تھی کہ میں نے رمیز راجا کے لیے کسی سے دو ہفتوں کے لیے مزید کام کرنے دینے کی سفارش کی ہے۔

بقیہ 1

صنعتی گیس کنکشنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ نئے سال کے دوران سوئی ناردرن گیس کمپنی کیلئے یعنی اسلام آباد سمیت پنجاب اور خیبر پختون میں 4 لاکھ 3 ہزار نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے تحت 2800 کمرشل اور 250 صنعتی گیس کنکشنز کو ہدف کا حصہ بنایا گیا ہے۔ اسی طرح سوئی سدرن گیس کمپنی یعنی سندھ اور بلوچستان میں ایک لاکھ 34 ہزار نئے گیس صارفین کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے تحت 775 کمرشل اور 235 صنعتی گیس کنکشنز کو بھی ہدف کا حصہ بنایا گیا ہے۔ رواں مالی سال کیلئے نئے گیس کنکشنز کا اصل ہدف 13 لاکھ 33 ہزار 938 مقرر کیا گیا تھا تاہم بعد ازاں نظر ثانی کے بعد نئے گیس کنکشنز کا ہدف 4 لاکھ 37 ہزار 236 بنتا ہے اور رواں سال تیس جون تک گیس کنکشنز کی فراہمی کا تخمینہ 3 لاکھ 87 ہزار 712 لگایا گیا ہے۔

بقیہ 2

عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 13 جون، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اے بلاک، صادق آباد، آفندی کالونی، فورتھ روڈ، کٹاریاں، ہولی فیملی، ایف بلاک، بنی، چپ بورڈ، انڈسٹریل، بورین، پیپلی، بلکسر، آرچرڈ سکیم، مسلم آباد، گلزار شہید، قائد آباد، احسن آباد، پیرودھائی، باغ سرداراں، ڈھوک حسو، کیرج فیکٹری، اسلام پورہ، غور غشتی، مسکین آباد، موسی، شمکہ، نڑتوپہ اباره زری، ویسا، دریا شریف، حاجی شاہ، ڈھوک فتح، کچہری، ڈی آئی کالونی، کینٹ، اکھوڑی، بولنیوال، سی آئی ایس، گگن، سٹی۔ 2، لانی والہ، سجاد شہید، رورل، ٹی اینڈ ٹی، ونہار، دروٹ، کھوئیاں، میال، ریس کورس، عسکری XI، مصریال روڈ، ریلوے کالونی، نیو ویسٹریج، اقبال روڈ، امیر حمزہ، ریڈیو پاکستان، ملت آباد، رینج روڈ، ڈھوک چوہدریاں، چیئرنگ کراس، ویسٹریج، نیو ریس کورس، پشاور روڈ فیڈرز، صبح 06:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک بیروٹ گالا، دربار مائی ٹھوٹی، کھوئی رٹہ سٹی، چڑھوئی ایکسپریس، دانا ...

بقیہ 48

شہباز کی غیر قانونی حکومت نے پی ٹی آئی اراکین پر پرچے درج کرنے کی کوشش کی، بجٹ پاس کرانے کے لیے آمرانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضمنی الیکشن کا شیڈول آنے کے بعد تبادلے نہیں کیے جاسکتے، ضمنی الیکشن کا شیڈول آنے کے بعد حمزہ نے 7 سیکرٹریز کے تبادلے کیے۔ الیکشن کمیشن غیر جانبدار ہونے کا ثبوت دے اور تبادلے واپس لینے کا حکم دے۔ ن لیگ کے اسپیشل سیل بنا کر تحریک انصاف کے ووٹ تبدیل کیے جارہے ہیں۔

بقیہ 49

تحفظ فاؤنڈیشن کے صدر ملک صالح محمد ایڈووکیٹ نے کی ریلی میں علمائے کرام اور دیگر تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی ریلی کا مقصد بھارتی جنتا پارٹی کی ترجمان نوپور شرما کی جانب سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں گستاخانہ الفاظ استعمال کرنے کے خلاف احتجاج کرنا تھا علمائے کرام نے اپنے خطاب میں بھارتی جنتا پارٹی کی ترجمان کی جانب سے حضرت محمد صلی

بقیہ 54

اسکول میں بطور استاد کام کرتا ہوں۔ ٹوئٹ میں صارف نے مزید لکھا کہ میرا بیٹا محمد ذوان قوت سماعت سے محروم ہے اور اس کے آپریشن کے لیے تقریباً 20 لاکھ روپے کی رقم درکار ہے جو میرے لیے ادا کرنا ناممکن ہے۔ صارف نے بیٹے کے علاج کے لیے مدد کی اپیل کی اور ساتھ ہی بچے کی میڈیکل رپورٹ بھی شیئر کی۔ اس ٹوئٹ پر فوری ردعمل دیتے ہوئے مریم نواز نے کمسن بچے کے اہلخانہ سے رابطے کے لیے فون نمبر شیئر کرنے کی اپیل کی۔

بقیہ 55

پیداوار 12 ہزار 307 میگاواٹ ہے جبکہ ونڈ پاور پلانٹس سے ایک ہزار 606 میگاواٹ اور سولر پلانٹس سے پیداوار صفر ہے۔ بگاس سے چلنے والے پلانٹس 169 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں اور جوہری توانائی سے ایک ہزار 231 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ ملک کے مختلف علاقوں میں 12 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ کی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد ریجن میں بھی 4 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے جبکہ زیادہ نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ زیادہ ہے۔

آئندہ مالی سال کیلئے 5 لاکھ 37 ہزار سے زائد نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر

رواں مالی سال کے نظر ثانی ہدف سے ایک لاکھ زیادہ، 30 جون تک کنکشنز کا تخمینہ 3 لاکھ 87 ہزار سے زائد ہے

سوئی ناردرن گیس کمپنی کیلئے یعنی اسلام آباد سمیت پنجاب اور خیبر پختون میں 4 لاکھ 3 ہزار نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر کیا ہے

اسلام آباد (بیورو چیف) ملک میں گیس کی قلت اور موجودہ صارفین کیلئے پوری گیس دستیاب نہ ہونے کے باوجود حکومت نے الیکشن ائیر میں لاکھوں نئے گیس کنکشنز کا پلان تیار کرلیا' آئندہ مالی سال کیلئے پانچ لاکھ سینتیس ہزار سے زائد نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر کردیا گیا۔ رواں مالی سال کے نظر ثانی ہدف سے ایک لاکھ زیادہ، 30 جون تک کنکشنز کا تخمینہ 3 لاکھ 87 ہزار سے زائد ہے، دستاویز کے مطابق آئندہ مالی سال کیلئے 5 لاکھ 37 ہزار نئے گیس کنکشنز کا ہدف مقرر حل کیا گیا ہے جو رواں مالی سال کے نظر ثانی شدہ ہدف کے مقابلے میں ایک لاکھ زیادہ گیس کنکشنز بنتے ہیں۔ آئندہ مالی سال کیلئے 5 لاکھ 33 ہزار گھریلو 3- ہزار 575 کمرشل اور 485 نئے (بقیہ نمبر 1)

بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے تباہ کن اثرات ہوں گے، ماہرین

چند لاکھ لوگوں کو غربت کی لکیر سے مزید نیچے دھکیل دیے جائیں گے، پروفیسر محمد شبیر

کراچی (این این آئی) ماہانہ بلوں میں شامل ہونے والے بجلی کے چارجز میں 46.77 فیصد کے حیران کن اضافے کے حوالے سے تمام شعبوں کے ماہرین، ماہرین اقتصادیات، ماہرین سماجیات اور سیاست دانوں کا اتفاق ہے کہ اس کا پاکستانیوں کی بڑی اکثریت پر تباہ کن اثر پڑیگا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری (بقیہ نمبر 3)

کراچی' چیئرمین سینٹ محمد صادق سنجرانی کریسنٹ آرٹ گیلری کے چیف ایگزیکٹو کو شیلڈ دیتے ہوئے

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 13 جون عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی (بقیہ نمبر 2)

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے 14 سالہ بیمار بچی کے والد کی اپیل پر علاج معالجہ کے اخراجات ادا کردیئے

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے 14 سالہ بیمار بچی کے والد کی اپیل پر علاج معالجہ کے اخراجات ادا کردیئے۔ عابد حسین نے 14 سالہ بیٹی علیشبہ عابد کی علاج کی اپیل پر آرمی چیف کے فوری اقدام پر آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کا شکریہ ادا کیا ہے، عابد کے مطابق (بقیہ نمبر 4)

قمر زمان کائرہ کی مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ریاستی دہشتگری کی شدید مذمت

بھارت نام نہاد سرچ آپریشنز اور جھوٹے مقابلوں کی آڑ میں کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی ریاستی دہشت گری کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت نام نہاد سرچ آپریشنز اور جھوٹے مقابلوں کی آڑ میں کشمیریوں کی نسل کشی کر رہا ہے۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 5)

فوج مخالف مہم، 5 سابق افسران کی پنشن مراعات واپس، میجر جنرل شامل

اسلام آباد (چیف رپورٹر) فوج مخالف مہم چلانے پر آرمی نے 5 سابق افسران کی پنشن مراعات واپس لے لی ہیں۔ ان میں ایک میجر جنرل بھی شامل ہے۔ دفاعی ذرائع نے 150 ریٹائرڈ فوجیوں کے خلاف کارروائی کی تردید کرتے ہوئے، صحافیوں اور یوٹیوبرز کے جھوٹ پھیلانے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ امید ہے حکومت اور (بقیہ نمبر 6)

موجودہ بجٹ میں تمام اہداف جھوٹ پر مبنی ہیں، حماد اظہر

امپورٹڈ حکومت نے جو معاشی بحران پیدا کیا اِس بجٹ میں اُس سے نکلنے کی کوئی سمت نہیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ موجودہ بجٹ میں تمام اہداف جھوٹ پر مبنی ہیں۔ اپنے بیان میں حماد اظہر نے کہا کہ تمام معاشی ماہر اسے غیر سنجیدہ بجٹ قرار دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امپورٹڈ حکومت نے جو معاشی بحران پیدا کیا اِس بجٹ میں اُس سے نکلنے کی کوئی سمت نہیں۔ حماد اظہر (بقیہ نمبر 7)

"خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجی اور جنگ کا مستقبل" کے عنوان سے سیمینار

ملکی خودداری اور قومی سلامتی کے لیے یہ بات انتہائی اہم ہے کہ پاکستان ابھرتی ہوئی اور خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیز پر عبور حاصل کرے

ہمارے ملک میں تحقیق و تجدید کا بنیادی ڈھانچہ نہایت کمزور ہے، اور متعلقین میں تعاون کا فقدان پایا جاتا ہے، مقررین

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکورٹی سٹڈیز نے میریٹ ہوٹل اسلام آباد میں سیمینار بعنوان "خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیز اور جنگ کا مستقبل" منعقد کیا۔ سیمینار میں اعلی ریٹائرڈ فوجی افسران اور سول ماہرین نے متفقہ طور پر اس رائے کا اظہار کیا کہ ملکی خودداری اور قومی سلامتی کے لیے یہ بات انتہائی اہم ہے کہ پاکستان ابھرتی ہوئی اور خلل ڈالنے والی ٹیکنالوجیز پر عبور حاصل (بقیہ نمبر 8)

خیبر پختونخوا مالی سال 2022-23 کا بجٹ (آج) پیش کیا جائیگا

پیر کے روز صوبائی کابینہ کا اجلاس بھی ہوگا جس میں بجٹ اور فنانس بل کی منظوری دی جائیگی

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت مالی سال 2022-23 کا بجٹ آج پیر 13 جون کو پیش کریگا۔ صوبائی اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے طلب کیا گیا ہے۔ پیر کے روز صوبائی کابینہ کا اجلاس بھی ہوگا جس میں بجٹ اور فنانس بل کی منظوری دی جائیگی۔ کابینہ اجلاس کی منظوری کے بعد صوبائی بجٹ خیبر پختونخوا اسمبلی میں پیش کیا جائیگا (بقیہ نمبر 9)

41 پروازوں کے ذریعے اب تک 11770 عازمین حج مدینہ منورہ پہنچ گئے ہیں

مدینہ منورہ (اے پی پی) فریضہ حج کی ادائیگی کے لیے مجموعی طور پر 41 پروازوں کے ذریعے اب تک 11770 عازمین مدینہ منورہ پہنچ گئے ہیں۔ 16 جون تک مزید 21 پروازوں کے ذریعے عازمین مدینہ منورہ پہنچیں گے۔ پاکستان ہاؤس (بقیہ نمبر 28)

بھارت کو ناپسندیدہ ملک قرار دے کر اسکے سفیر ملک بدر کیا جائے' علیم الدین

رحمت العالمین ﷺ کی توہین کرنے والی ملعونہ کو پھانسی دی جائے' مولانا عزیز الرحمٰن ثانی

لاہور (این این آئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلی مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہراللبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ بھارت کو ناپسندیدہ ملک قرار دے کر اس کے سفیر ملک بدر کیا جائے، رسول اللہ ﷺ کی عزت و توقیر مسلمانوں کیلئے زندگی اور موت کا مسئلہ ہے، رحمت العالمین ﷺ کی توہین کرنے والی ملعونہ کو پھانسی دی جائے۔

بھارتی این آئی اے نے خالصتان کے رہنماؤں کو نشانہ بنانا شروع کردیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے بدنام زمانہ تحقیقاتی ادارے این آئی اے نے خالصتان کی حامی تنظیم انٹرنیشنل سکھ یوتھ فیڈریشن (آئی ایس وائی ایف) کے سربراہ لکھبیر سنگھ روڈے کو مطلوب ترین افراد کی فہرست میں شامل کرلیا ہے اور ان پر 5 لاکھ روپے انعام کا اعلان کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق لکھبیر سنگھ روڈے پر الزام لگایا گیا ہے

وفاقی حکومت نے متوازن بجٹ پیش کرکے نئی مثال قائم کردی

آئی ایم ایف کی تجاویز کو مسترد کرکے متوازن بجٹ پیش کیا گیا' سلیم رضا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت نے متوازن بجٹ پیش کرکے نئی مثال قائم کردی، پی ٹی آئی حکومت نے جاتے جاتے جو بارودی سرنگیں بچھائی تھیں وہ اتحادی حکومت نے نکال دی ہیں، موجودہ حکومت نے آئی ایم ایف کی تجاویز کو مسترد کرکے متوازن بجٹ پیش کیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ اس وقت معاشی صورتحال یقیناً مشکلات سے دوچار ہے اور پیٹرول کی قیمت مزید بڑھنے سے مہنگائی (بقیہ نمبر 11)

بچوں سے جبری مشقت کے خاتمے کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں بچوں سے جبری مشقت کے خاتمے کا آج عالمی دن منایا گیا۔ امسال اس دن کا موضوع "بچوں کو جبری مشقت سے بچانے کیلئے سماجی تحفظ کے نظاموں اور سکیموں میں سرمایہ کاری بڑھانے کی اپیل" تھا۔ اس دن کی مناسبت سے تقریبات کا اہتمام بھی (بقیہ نمبر 10)

اسرائیل کو تسلیم کرنیوالوں کو پاکستانی تسلیم نہیں کرینگے' مجاہد عبدالرسول

اسرائیل جانے والا وفد اور وفد کو بھیجنے والے قومی مجرم ہیں' صدر سنی تحریک پنجاب

لاہور (ہادی حسین) صدر سنی تحریک پنجاب مذہبی سکالر علامہ مجاہد عبدالرسول خان قادری نے کہا ہے کہ اسرائیل کو تسلیم کرنے والوں کو پاکستانی تسلیم نہیں کرینگے، اسرائیل جانے والا وفد اور وفد کو بھیجنے والے قومی مجرم ہیں، مغربی اشاروں پر چلنے والے جن لوگوں کو اسرائیل پسند ہے وہ پاکستان چھوڑ کر اسرائیل چلے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنی تحریک کے رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جبکہ علامہ مجاہد عبدالرسول کی ہدایت پر سنی تحریک لاہور کے صدر علامہ سرفراز سیالوی کی قیادت میں پریس کلب کے باہر اسرائیل کے خلاف احتجاجی مظاہرہ بھی کیا گیا۔ مظاہرین نے اسرائیل کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔

سرگودھا شہر میں گھریلو جھگڑا میں سسر نے کلہاڑی کے پے در پے وار کرکے بہو کو موت کے گھاٹ اتار دیا

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) سرگودھا شہر میں گھریلو جھگڑا میں سسر نے کلہاڑی کے پے در پے وار کرکے بہو کو موت کے گھاٹ اتار دیا پولیس نے مقتولہ کو تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کردی جسے اس کے آبائی گاؤں میں نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔ پولیس جائے وقوعہ سے شواہد حاصل کرکے مصروف تفتیش ہے۔

اسلام آباد روٹ پورا نہ کرنے والی اور بغیر روٹ پرمٹ چلنے والی پبلک سروس گاڑیوں کیخلاف قانونی کارروائی کی جارہی ہے

پاک نیوی میں نوکریوں کے مواقعوں بارے آگاہی دینے کیلئے آگاہی سیشن کا انعقاد

فیصل آباد (این این آئی) جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کے طلبہ کو پاک نیوی میں نوکریوں کے مواقعوں بارے آگاہی دینے کیلئے آگاہی سیشن منعقد کیا گیا۔ جس میں نیوی سٹیشن کمانڈر خالد امین نے ریکروٹمنٹ پراسیس بارے آگاہی دی۔ اس موقع پر پاک نیوی کی خدمات بارے ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی۔ ڈائریکٹر کیریئر کونسلنگ حثیب انوار اور ڈپٹی ڈائریکٹر کیریئر کونسلنگ ڈاکٹر سلمی عنبر کا کہنا تھا کہ طلبہ کو مستقبل میں بہتر روزگار کے حصول کیلئے ایسے آگاہی سیشنز کا انعقاد بہت ضروری ہے تاکہ انہیں اپنی صلاحیتوں کے مطابق مواقعوں کا پتا چل سکے۔

قرضوں میں ہر سال اضافہ ہو رہا ہے، محمد سہیل

بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے زیادہ قرضے لیے جارہے ہیں

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) نئی حکومت یکم جولائی سے شروع ہونے والے مالی سال 2022-23 میں قرضوں کی ادائیگی پر 3 ہزار 950 ارب روپے خرچ کریگی۔ قرضوں کی خطیر ادائیگی نئے مالی سال کی ٹیکس آمدنی کے 56.4 فیصد ہوگی، حکومت کا مالی سال 2022-23 میں 7 ہزار 4 ارب روپے کے ٹیکس جمع کرنے کا ہدف ہے۔ ڈیٹ سروسنگ 9 ہزار 3 ارب روپے کی کل آمدنی کا 43.87 فیصد ہوگی جبکہ 9.5 کھرب کی مجموعی وصولی کا 41.6 فیصد ہوگی۔ بجٹ دستاویز کے اعداد و شمار سے صورتحال کی سنگینی واضح ہوتی ہے، جس کیمطابق کل ترقیاتی اخراجات 1 ہزار 23 ارب روپے ہوں گے جو قرضوں کی ادائیگی سے بہت کم رقم ہے۔

گرانفروشی کو روکنا اولین میری ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر عدنان محمود

خواجہ بابر سلیم محمود کی ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان سے کمیٹی روم میں تعارفی ملاقات

چکوال (راجہ افتخار سے) چکوال پریس کلب کے عہدیداران وممبران نے زیر قیادت چیئرمین خواجہ بابر سلیم محمود حال ہی میں چکوال تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر عدنان محمود اعوان سے کمیٹی روم میں تعارفی ملاقات کی تفصیلات کے مطابق چکوال پریس کلب کے عہدیداران وممبران نے ڈپٹی کمشنر چکوال عدنان محمود اعوان سے تعارفی ملاقات کی جس پر تمام عہدیداران وممبران نے اپنا اور اپنے اداروں کا تعارف کروایا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چکوال کو شہریوں کو درپیش مسائل پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جس میں سرفہرست اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ چکوال شہر میں پانی کی قلت اور صفائی کی ابتر صورعازمین حج کی رہائش کے لئے 19 رہائشی عمارتیں حاصل کرلی گئیں

نریندر مودی اور بھارتی جنتا پارٹی ہوش کے ناخن لے

حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کی پرزور مذمت کرتے ہیں چوہدری کاشف گجر

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق نوجوان یوتھ راہنما پاکستان مسلم لیگ ن چوہدری کاشف گجر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بی جے پی رہنما کی طرف سے خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں گستاخانہ الفاظ کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ بھارت میں ایک عرصے سے شدت پسند تنظیم بی جے پی کی حکومت ہے، جس نے کشمیر اور بھارت کے مسلمانوں پر عرصہ حیات تنگ کر رکھا ہے۔ بھارتی (بقیہ نمبر 12)

دریائے سندھ میں تونسہ بیراج پر پانی کی سطح میں کمی

ڈی جی خان کینال اور مظفر گڑھ کینال کو ڈیمانڈ سے کم پانی سپلائی کیا جارہا ہے

مظفر گڑھ (مہر عمران سے) دریائے سندھ میں تونسہ بیراج پر پانی کی سطح میں کمی کے باعث تونسہ بیراج سے نکلنے والی رابطہ نہروں ڈی جی خان کینال اور مظفر گڑھ کینال کو ڈیمانڈ سے کم پانی سپلائی کیا جارہا ہے، آل پاکستان کسان اتحاد کا احتجاج، جبکہ ٹی پی لنک کینال اور کچھی کینال کو ڈیمانڈ کے مطابق پانی کی سپلائی کی جاری ہے، محکمہ آبپاشی تونسہ بیراج کے ذرائع کے مطابق اس وقت تونسہ بیراج پر پانی کی آمد 77718 کیوسک فٹ اور اخراج 70683 (بقیہ نمبر 13)

سرگودھا' 22 سالہ نوجوان نے گھریلو جھگڑا پر فائر مار کر بیوی کو زخمی اور خود پر گولی چلا کر خودکشی کرلی

سرگودھا (این این آئی) 22 سالہ نوجوان نے گھریلو جھگڑا پر فائر مار کر بیوی کو زخمی اور خود پر گولی چلا کر خودکشی کرلی جن کو ہسپتال منتقل کر کے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی گئی جس کی بیوی کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ شاب کے گاؤں راجڑ میں گھریلو جھگڑا پر 22 (بقیہ نمبر 15)

سرگودھا میں ریلوے ٹریک پر تیز رفتار ٹرین کی ٹکر سے جاں بحق سپرد خاک

سرگودھا (ظہور حسین بخاری) سرگودھا میں ریلوے ٹریک پر تیز رفتار ٹرین کی ٹکر سے جاں بحق ہونے نوجوان کی نعش کے بعد ورثاء کے سپرد کردی۔ سرگودھا کے چک 93 شمالی کا ظہیر عباس لاہور میں پراپرٹی کا کام کرتا جو ایک ماہ سے معاشی حالات کے باعث اپنا ذہنی توازن برقرار نہ رکھ سکا جس کا علاج جاری تھا کہ دس یوم گاؤں قبل لاپتہ ہوا اور گزشتہ روز سرگودھا شاہین آباد روڈ پر چک 88 (بقیہ نمبر 14)

حاجی مرزا آفریدی نے ایک اور وعدہ پورا کردیا

ملک بھر میں طلباء کو ایک لاکھ لیپ ٹاپ آسان اقساط پر فراہم کئے جائیں گے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) وعدہ نہیں عملی کام جناب ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی مرزا آفریدی نے کہا ہے کہ ایچ ای سی کے بجٹ میں بلوچستان اور ضم شدہ اضلاع کیلئے 5000 وظائف شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے ساحلی علاقوں کیلئے الگ سکالر شپ سکیم شامل ہیں۔ ملک بھر میں طلباء کو ایک لاکھ لیپ ٹاپ آسان اقساط پر فراہم کئے جائیں گے۔ انجینئرنگ اور ٹیکنالوجی تعلیم کو اپ گریڈ کرنے کی غرض سے سامان بھی مہیا کرنے کیلئے فنڈز رکھے گئے ہیں۔ ڈپٹی چیئرمین سینٹ حاجی میرزا محمد آفریدی نے مزید کہا (بقیہ نمبر 16)

مظفر گڑھ پولیس کی چوبیس گھنٹوں کے دوران کارروائیاں

ناجائز اسلحہ، منشیات برآمد کر کے ملزمان کیخلاف مقدمات درج کرلئے گئے

مظفر گڑھ (مہر عمران سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفر گڑھ کیپٹن ریٹائرڈ طارق ولایت کی ہدایت پر عمل کرتے ہوئے مظفر گڑھ پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے مختلف تھانہ جات سے 2.390 کلوگرام چرس، 108 گرام ہیروئین اور 100 لٹر دیسی شراب برآمد کرکے مقدمات درج کر (بقیہ نمبر 17)

بیلف کا چھاپہ، غیر قانونی حراست میں رکھے افراد بازیاب

ایس ایچ او تھانہ جاتلی چوکی انچارج دولتالہ اور محرر چوکی کو لائن حاضر کردیا گیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گزشتہ ہفتے پولیس چوکی دولتالہ پر بیلف نے چھاپہ مار کر غیر قانونی طور پر حراست میں رکھے افراد کو بازیاب کروایا تھا جس کی وجہ سے بیلف ٹیم کے ساتھ انچارج چوکی اور عملے نے تلخ کلامی کی جس کا ہائی کورٹ نے نوٹس لے لیا جس بنا پر ایس ایچ او تھانہ جاتلی سکندر حیات اور چوکی انچارج اسلم شیراز اور محرر سفیر کو لائن حاضر دیا گیا سی پی او راولپنڈی نے چوہدری عارف کو عارضی طور پر ایس ایچ او تھانہ جاتلی تعینات کر دیا ایک طرف اگر دیکھا جائے تو سکندر حیات نے تھانہ جاتلی تعیناتی پر بہترین خدمات سرانجام دی ہیں اور کافی حد تک کرائم کو کنٹرول کیا اور کافی ڈکیت گرفتار کیے گزشتہ دنوں ایک ڈکیت گینگ سرغنہ کو گرفتار کرکے تقریبا 1260000 زیورات ریکور کیئے جبکہ وہ ایک (بقیہ نمبر 18)

تحریک انصاف کے رہنما زبیر احمد شیخ کی قیادت میں کارکن بی جے پی رہنما کیخلاف احتجاج کر رہے ہیں

بادامی باغ کے علاقہ میں تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا

لاہور (این این آئی) بادامی باغ کے علاقہ ریلوے پھاٹک نمبر 5 کے قریب تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا۔ ایدھی ترجمان کے مطابق موٹر سائیکل سوار 17 سالہ نوجوان موقع پر دم توڑ گیا جس کی شناخت عاصم کے نام سے ہوئی ہے۔ 17 سالہ (بقیہ نمبر 20)

ڈاکٹر سعید اختر پی کے ایل آئی کے بورڈ آف گورنرز کے چیئرمین مقرر

لاہور (این این آئی) ڈاکٹر سعید اختر کو پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ کے بورڈ آف گورنرز کا چیئرمین مقرر کر دیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعلی پنجاب پی کے ایل آئی کے بورڈ آف گورنرز کے پیٹرن انچیف جبکہ ڈاکٹر سعید اختر کو پی کے ایل آئی (بقیہ نمبر 19)

بجٹ کی حتمی منظوری سے قبل اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کی جائے

3950 ارب قرض، سود کی ادائیگی میں جائینگے، اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے آئندہ مالی سال کے بجٹ میں ریٹیلرز پر فکس ٹیکس کی تجویز کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بجٹ کی حتمی منظوری سے قبل اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر لی جائے تو بہترین نتائج حاصل کیے جا سکتے ہیں، ایف بی آر کو گیس اور بجلی کے کنکشن منقطع کرنے کا اختیار دینے پر کوئی اعتراض نہیں

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار 662 میگاواٹ ہو گیا

ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 838 میگاواٹ ہے اور بجلی کی کل طلب 26 ہزار 500 میگاواٹ ہے

بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 838 میگاواٹ ہے اور بجلی کی کل طلب 26 ہزار 500 میگاواٹ ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار 662 میگاواٹ ہو گیا۔ ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 838 میگاواٹ ہے اور بجلی کی کل طلب 26 ہزار 500 میگاواٹ ہے جبکہ پانی سے 4 ہزار 930 میگاواٹ بجلی پیدا کی جا رہی ہے۔ سرکاری تھرمل پلانٹس ایک ہزار 595 میگاواٹ بجلی پیدا کر رہے ہیں اور نجی شعبے کے بجلی گھروں کی مجموعی (بقیہ نمبر 21)

جنوبی چھاؤنی اور فیکٹری ایریا سے دو لاشیں برآمد

لاہور (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں سے دو نامعلوم افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ لاشیں جنوبی چھاؤنی اور فیکٹری ایریا کے علاقے سے برآمد ہوئیں۔ متوفی حلیے سے نشئی معلوم ہوتے ہیں اور نشے کی زیادتی کے باعث ان کی موت واقع ہوئی۔ پولیس کارروائی کے بعد دونوں لاشوں کو مردہ خانے منتقل کردیا گیا۔

صوبہ پنجاب میں 3.6 ملین ایکڑ رقبہ پر کپاس کاشت ہو چکی ہے

جس سے 6.6 ملین گانٹھوں کی پیداوار متوقع ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب

ملتان (این این آئی) سیکرٹری زراعت پنجاب اسد اللہ خان نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں 3.6 ملین ایکڑ رقبہ پر کپاس کاشت ہو چکی ہے جس سے 6.6 ملین گانٹھوں کی پیداوار متوقع ہے۔ تمام شعبہ جات مشترکہ کوششوں سے پیداواری ہدف کے (بقیہ نمبر 22)

2 کروڑ افراد کا غربت کی سطح سے نیچے جانیکا خدشہ ہے

حکومتی پالیسیوں سے مہنگائی کی شرح 24 فیصد تک پہنچ سکتی ہے' جمشید اقبال

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے سینئر رہنما، فوکل پرسن برائے فوڈ سکیورٹی، خصوصی اقدامات جمشید اقبال چیمہ نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت ہر روز مہنگائی کی صورت میں منی بجٹ پیش کر رہی ہے، حکومتی پالیسیوں سے مہنگائی کی شرح 24 فیصد تک پہنچ سکتی ہے

کراچی' جناح ہسپتال میں نرسنگ کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب میں آرگنائزر سیکرٹری سندھ نرسنگ امتحانی بورڈ ڈاکٹر خیر النساء دیگر کے ہمراہ کیک کاٹ رہی ہیں

اگر آئی ایم ایف سے معاہدہ پسند نہیں تو حکومت آئی ایم ایف بورڈ میں کیا لینے جاتی ہے؟ فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کے مرکزی نائب صدر فواد چوہدری نے وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب کے بیان پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری حکومت نے ان 52 ارب ڈالر میں سے 38 ارب ڈالر آپ کی حکومتوں کے لیے گئے قرض کی واپسی کی۔ فواد چوہدری کا کہنا ہے کہ اگر آئی ایم ایف سے معاہدہ پسند نہیں تو حکومت آئی ایم ایف بورڈ میں کیا لینے جاتی ہے؟ ختم کریں معاملہ اور آگے چلیں۔

کونسل آف نیوز پیپرز ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی پنجاب کمیٹی کا اجلاس

پنجاب کے اخبارات کے واجبات کی ادائیگیوں اور میڈیا کو درپیش دیگر مسائل پر گفتگو کی گئی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی پنجاب کمیٹی کا اجلاس گذشتہ روز لاہور میں منعقد ہوا، اجلاس میں پنجاب کے اخبارات کے واجبات کی ادائیگیوں اور میڈیا کو درپیش دیگر مسائل پر گفتگو کی گئی۔ (بقیہ نمبر 30)

لاہور' کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) کی پنجاب کمیٹی کے اجلاس کے بعد سی پی این ای کے صدر کاظم خان' سینئر نائب صدر ایاز خان' پنجاب کمیٹی کے چیئرمین ارشاد احمد عارف ودیگر اراکین کا ممبر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان' محترمہ حنا پرویز بٹ' سیکرٹری اطلاعات پنجاب راجہ منصور احمد اور ڈائریکٹر جنرل پی آئی ڈی لاہور محترمہ بجیلہ نوید کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

عمران کو ڈینٹ پہنچانے کیلئے حکومت کا بجٹ میں نوجوانوں کو خوش کرنا ہدف

حکومت کی جانب یوتھ کے لئے دیئے گئے پیکج کا بہت خیر مقدم کیا گیا ہے

کراچی (بیورو چیف) حکومتی ذرائع نے بتایا کہ وفاقی بجٹ 2022- 2023 بہت عجلت اور جلد بازی میں بنایا گیا، جس کی وجہ آئی ایم ایف کی قسط کی ہے، حکومت آئی ایم ایف کی قسط کے حوالے اور مالیاتی سال کے رقم کی فراہمی کیلئے حکومت بہت کوشش (بقیہ نمبر 23)

سمسٹر خزاں کے فائنل امتحانات کل شروع ہوں گے، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

اسلام آباد (اے ایف بی): علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر (بقیہ نمبر 26)

لاہور' چھٹی کے روز بھی لوڈ شیڈنگ جاری رہی

پانی بحران کی وجہ سے لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں تعطیل کے روز بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ جاری رہی جس کی وجہ سے عوام کو شدید مشکلات درپیش رہیں، کئی علاقوں میں پانی کے بحران کی وجہ سے لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس گئے، گرمی کی شدت سے بچنے کے لئے فیملیاں نہر اور کھالوں پر پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق چھٹی کے روز بھی بجلی کی طلب اور رسد میں خلیج ختم (بقیہ نمبر 24)

لاہور' شدید گرمی کے باعث مال روڈ سنسان پڑا ہے

اشیا خورونوش کی قیمتیں بڑھنے سے عوام پریشان

اسلام آباد (بیورو چیف) کھانے پینے کی اشیا کی بڑھتی قیمتوں سے عوام پریشان ہیں، غریب دیہاڑی دار اور تنخواہ دار ملازم کا گزارہ مشکل ہوگیا، شہریوں نے قیمتیں کم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے کے دوران برانڈ گھی فی کلو 28 روپے اور کوکنگ آئل فی لیٹر 37 روپے تک مہنگا ہوا۔

سعودی عرب، ہفتے کے دوران 15 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

ریاض (اے ایف بی) سعودی عرب کی سیکورٹی فورسز نے ایک ہفتے کے دوران 15 ہزار 209 غیر قانونی تارکین وطن کو گرفتار کرلیا۔ سعودی خبر رساں ادارے نے غیر قانونی تارکین وطن کے خلاف (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد میں پانی کی کمی کو پورا کرنے کیلئے متعدد منصوبے جاری

سیکٹر I-8 اور H-8 میں پانی کی کمی پر قابو پانے بھی خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں

گرم اور خشک موسم کے باعث جہاں پانی کی طلب میں اضافہ ہوا ہے وہیں ٹینکرز کی مانگ میں بھی اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (پ ر) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی انتظامیہ اسلام آباد شہر میں پانی کی کمی کو پورا کرنے کے لئے متعدد منصوبوں پر تیزی سے کام کر رہی ہے تاکہ شہریوں کو پانی کی کمی کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اس سلسلے میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی انتظامیہ کی ہدایت پر شعبہ واٹر سپلائی کی جانب سے اسلام آباد کے سیکٹر I-8 اور H-8 میں پانی کی کمی پر قابو پانے بھی خصوصی اقدامات کئے جارہے ہیں چونکہ گرم اور خشک موسم کے باعث جہاں پانی کی طلب میں اضافہ ہوا ہے وہیں ٹینکرز کی مانگ میں بھی اضافہ ہوا ہے اور گرم موسم کے باعث ٹیوب ویلز سے پانی کا اخراج بھی پچاس فیصد تک کم ہو گیا ہے۔ اسی طرح شہر میں پانی کی کمی کی دوسری وجہ جاری ترقیاتی کاموں اور ان میں آنے والی لائنز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنا بھی پانی کی کمی میں اضافے کا باعث بنا۔ اس ضمن میں کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے (بقیہ نمبر 29)

افغانستان میں مسافر بس اور طالبان کی گاڑیوں پر بم حملے

کابل میں منی بس پر بم دھماکے میں 4 ن افراد ہلاک ہوگئے

کابل (اے ایف بی) افغانستان کے دارالحکومت کابل اور 3 صوبوں میں 4 بم دھماکے ہوئے جن میں 4 افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق افغانستان کے دارالحکومت کابل میں منی بس کو بم دھماکے سے اُڑا دیا گیا جس کے نتیجے میں 4 افراد ہلاک اور دس سے زائد زخمی ہوگئے۔ تاحال کسی گروپ نے حملے کی ذمہ داری قبول نہیں کی

معاشرے میں بڑھتی ہوئی سیاسی تقسیم ملک کیلئے کسی طرح بھی سود مند نہیں' فرحان شہزاد

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے سینئر ممبر و سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد نے کہا ہے کہ معاشرے میں بڑھتی ہوئی سیاسی تقسیم ملک کیلئے کسی طرح بھی سود مند نہیں، پر امن معاشرے کی تشکیل اور پائیدار سماجی و معاشی ترقی کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کے درمیان وسیع مشاورت کے بعد معاہدہ ناگزیر ہے، آئی ایم ایف سے چنگل سے آزادی کیلئے سب کو قربانی دینا ہوگی۔ اپنے بیان میں فرحان شہزاد نے کہا کہ تمام جماعتوں کی اپنی اپنی سیاست ہے

کراچی' ڈائریکٹر پریس انفارمیشن' محکمہ اطلاعات محمد سلیم خان مقامی شاپنگ مال میں مینگو خاص فیسٹیول کا افتتاح کر رہے ہیں

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے سمسٹر خزاں 2021 کے امتحانات (آج) سے شروع ہوں گے

لاہور (این این آئی) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ریجنل کیمپس لاہور کے ریجنل ڈائریکٹر امان اللہ ملک کیمطابق سمسٹر خزاں 2021 کے ایم ایس سی، ایم اے اور پی جی ڈی پروگرامز کے امتحانات آج (پیر) سے شروع ہوں گے۔ انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو رول نمبر سلپس ان کے دیئے گئے پتہ جات پر بذریعہ ڈاک ارسال کردی گئی ہیں انہوں نے مزید بتایا کہ سمسٹر بہار 2022 میں پیش کیے گئے ایم ایس سی اور ایم اے پروگرامز کے داخلوں میں 15 جون تک (لیٹ فیس) کے ساتھ توسیع کردی گئی ہے

وکلاء پر تشدد کیخلاف مقدمات کا اندراج کیا جائے

حکومت نے ہوش کے ناخن نہ لئے تو وکلاء راست اقدام کرینگے، ملک جنید وجدانی

مظفر گڑھ (مہر عمران سے) پنجاب بار کونسل کی کال پر بی جے پی کی رہنما نوپر شرما کی نبی پاک کی شان میں گستاخی، وکلا کے خلاف دہشت گردی کی دفعات کے تحت مقدمات کے اندراج اور ریاستی دہشت گردی، ججز کی تقرریوں میں بے ضابطگیوں کے خلاف ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن مظفر گڑھ نے جمعہ کے روز فل ڈے سٹرائیک کی، وکلا نے عدالتوں کا مکمل بائیکاٹ کیا اور مقدمات کی پیروی نہیں کی جس کی وجہ سے دور دراز سے آنے والے (بقیہ نمبر 25)